## تعارف :

ZU پشاور (Let's Go Peshawar) پشاور شہر کے لئے عالمی معیار کا حامل بس ریپڈ ٹرانزٹ سسٹم ہے۔ ZU بس پر سفر کا تجربہ منفرد سہولیات سے بھرپور ہے جو کہ خیبر پختونخوا کے واحد میٹروپولیٹن شہر پشاور کے لئے معاشی سرگرمیوں اور خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ثابت ہوگا۔

- 220 ایئر کنڈیشنڈ بسیں
- 30 جدید ترین بس سٹیشن
- 27 کلومیٹر طویل بی آر ٹی کا مخصوص کوریڈور
- بی آر ٹی سے متصل 5 روٹس کا نیٹ ورک

## ZU بس سروس - کرائے کی ادائیگی کے ذرائع

ZU بس پر سفر کرنے کے لئے کرایہ ادا کریں بذریعہ:

- ZU کارڈ
- ZU موبائل ایپ
- یک طرفہ سفر کا ٹکٹ (صرف سٹیشنز پر دستیاب ہے)

## ZU کارڈ حاصل کرنے کا طریقہ :

- ZU کارڈ ٹکٹ آفس یا ٹکٹ وینڈنگ مشین کے ذریعے حاصل کیا جا سکتا ہے۔
- 100 روپے کے ٹاپ اپ پر مفت ZU کارڈ حاصل کریں۔
- ابتدائی طور پر 'پہلے آیئے پہلے پایئے' کی بنیاد پر 100,000 مفت ZU کارڈز تقسیم کئے جائیں گے۔
- ایک فرد صرف ایک مفت ZU کارڈ حاصل کر سکتا ہے۔
- عموماً 150 روپے کی ادائیگی کے بعد آپ اپنے قریبی ZU سٹیشن یا ٹکٹ وینڈنگ مشین کے ذریعے ZU کارڈ حاصل کر سکتے ہیں۔

## یک طرفہ سفر کے لئے ٹکٹ خریدنے کا طریقہ :

ٹکٹ آفس یا ٹکٹ وینڈنگ مشین کے ذریعے یک طرفہ سفر کے لئے ٹکٹ خریدے جا سکتے ہیں۔

TransPeshawar
The urban mobility company

## ZU بس سروس کے لئے مطلوبہ کرایہ

| طے شدہ سفر (کلومیٹر) | مطلوبہ کرایہ (روپے) |
|---|---|
| 5 کلومیٹر تک | 10 روپے |
| 5.1 کلومیٹر سے 10 کلومیٹر | 15 روپے |
| 10.1 کلومیٹر سے 15 کلومیٹر | 20 روپے |
| 15.1 کلومیٹر سے 20 کلومیٹر | 25 روپے |
| 20.1 کلومیٹر سے 25 کلومیٹر | 30 روپے |
| 25.1 کلومیٹر سے 30 کلومیٹر | 35 روپے |
| 30.1 کلومیٹر سے 35 کلومیٹر | 40 روپے |
| 35.1 کلومیٹر سے 40 کلومیٹر | 45 روپے |
| 40.1 کلومیٹر سے زائد | 50 روپے |

نوٹ: وہ بچے جن کا قد 90 سینٹی میٹر تک ہے مفت سفر کر سکتے ہیں۔

## آغاز سفر۔ طریقہ کار

- سفر شروع کرنے سے پہلے اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے ZU کارڈ میں کم از کم 50 روپے کا بیلنس موجود ہے۔
- اپنے متعلقہ روٹ، بس میں سوار ہونے اور اترنے کے سٹیشنز کے بارے میں مکمل آگاہی کے لئے سفری منصوبہ بندی یا روٹ کے نقشے کا استعمال کریں۔
- داخل یا خارج ہوتے وقت فیئر میڈیا پر لازمی کارڈ لگائیں تا کہ کرایہ صرف سفر کئے گئے فاصلہ کے مطابق ہی وصول کیا جائے۔

## فیئرگیٹ سے داخل/خارج ہونے کا طریقہ :

### فیئرگیٹ سے داخل ہونے کا طریقہ :

- فیئر گیٹ کی دائیں جانب اپنا ZU کارڈ رکھیں یا QR کوڈ سکین کریں۔
- گیٹ کھلنے اور سبز اشارہ ظاہر ہونے پر پلیٹ فارم میں داخل ہوں۔

### فیئرگیٹ سے خارج ہونے کا طریقہ :

- فیئر گیٹ کی دائیں جانب اپنا ZU کارڈ رکھیں یا QR کوڈ سکین کریں۔
- گیٹ کھلنے اور سبز اشارہ ظاہر ہونے پر فیئر گیٹ سے باہر نکل جائیں۔

## بس میں داخل/خارج ہونے کا طریقہ :

### بس ویلیڈیٹر سے داخل ہونے کا طریقہ :

- بس ویلیڈیٹر پر اپنا ZU کارڈ رکھیں یا QR کوڈ سکین کریں۔
- بس ویلیڈیٹر پر سبز اشارہ ظاہر ہونے پر آگے بڑھیے۔

### بس ویلیڈیٹر سے خارج ہونے کا طریقہ :

- بس ویلیڈیٹر پر اپنا ZU کارڈ رکھیں یا QR کوڈ سکین کریں۔
- بس ویلیڈیٹر پر سبز اشارہ ظاہر ہونے پر بس سے باہر نکل جائیں۔

بس کی آمد: ہر پانچ منٹ میں

ZU Let's go Peshawar

# ZU بس سسٹم

[سفر کا آسان طریقہ]

**سروس شیڈول پیر تا اتوار**
**صبح 6 بجے سے رات 10 بجے**




QR کوڈ سکین کریں۔

www.transpeshawar.pk TransPeshawar TransPeshawar

# ZU پشاور کا نقشہ

TransPeshawar

**سفرکا دورانیہ :**
ZU ایکسپریس 45منٹ (7 سٹاپ)
بی آر ٹی سٹاپنگ روٹ 60منٹ (30 سٹاپ)




معلومات اور شکایات کے لیے 111 - 477 - 477 پر کال کریں۔
مزید تفصیلات کے لیے www.transpeshawar.pk وزٹ کریں۔

v33, Updated and Approved November 9, 2019

www.transpeshawar.pk TransPeshawar TransPeshawar

**یقینی تحفظ ۔ ہر پل سہولت**